
# 22 دایاں ۔ بایاں

نیچے ایک ہاتھ کی تصویر بنی ہے۔ اس پر اپنی ہتھیلی رکھو۔ انگوٹھے پر انگوٹھا اور انگلیوں پر انگلیاں۔



© NCERT not to be republished

تم نے اپنا جو ہاتھ تصویر پر رکھا ہے وہ تمہارا دایاں ہاتھ ہے۔ اب اپنا دوسرا ہاتھ کاپی کے صفحے پر رکھو اور بائیں ہاتھ سے اس کے کنارے پینسل چلا کر تصویر بناؤ۔

اس بار تم نے جس ہاتھ کی تصویر بنائی ہے وہ تمہارا بایاں ہاتھ ہے۔

## آؤ، ایک گانا گائیں

کرو دایاں ہاتھ آگے، کرو دایاں ہاتھ پیچھے،
کرو یہ اوپر نیچے اور تھوڑا مسکراؤ۔
آئے گا... پھر مزہ...
کرو دایاں ہاتھ آگے، کرو دایاں ہاتھ پیچھے،
کرو یہ اوپر نیچے اور تھوڑا مسکراؤ۔
آئے گا... پھر مزہ...

اسی طرح اب دائیں پیر اور بائیں پیر کے لئے بھی گاؤ۔

- اب دیکھو اور بتاؤ کہ کلاس میں ــــ
- تمہارے بائیں طرف کیا ہے؟
- تمہارے پیچھے کیا کیا ہے؟
- تم کس کے بائیں طرف بیٹھے ہو؟
- تمہارے دائیں طرف کیا ہے؟
- تمہارے دائیں طرف کون بیٹھا ہے؟
- تمہارے آگے کیا ہے؟
- تم کس کے دائیں طرف بیٹھے ہو؟


اشاروں و حرکات کے ساتھ گانے میں بچوں کو لطف آئے گا وہ دایاں بایاں، اوپر نیچے، آگے پیچھے خود اپنے تجربے سے سیکھیں گے۔



© NCERT not to be republished

* یہ ایک تصویر ہے جس میں رُوچِرا درمیان میں ہے۔اب تم اسی میں تصویر بناؤ۔

- رُوچِرا کے پیچھے کتاب
- رُوچِرا کے آگے پیڑ
- روچِرا کے دائیں طرف کسی جانور کی تصویر
- رُوچِرا کے بائیں طرف کرسی



© NCERT not to be republished

رُوچِرا کو گھر سے اسکول پہنچاؤ۔

تصویر میں اسکول دیکھو۔ گھر سے اسکول تک کا راستہ بھی تلاش کرو۔ اب رُوچِرا کے گھر سے اسکول تک کا راستہ رنگین پینسل سے دکھاؤ۔




© NCERT not to be republished

* رُوچِرا کو گھر سے اسکول تک کے راستے میں کون کون سی جگہیں ملیں گی؟ ان کے نام لکھو۔


* ان میں سے کون سی چیزیں دائیں طرف ملیں گی اور کون سی بائیں طرف؟


| بائیں طرف | دائیں طرف |
|---|---|
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |

* رُوچِرا کو گھر سے اسکول جاتے وقت کل کتنی بار مُڑنا پڑے گا؟

اگلے صفحہ پر ایک تصویر بنی ہے۔ یہ تصویر پہلے دی گئی تصویر کا چھوٹا نمونہ ہے۔ اس میں جگہوں کی تصویروں کے بجائے کچھ نشانات بنے ہیں۔ ایسی تصویر کو نقشہ کہتے ہیں۔ نشانوں کو پہچانو اور جگہوں کے نام لکھو۔

© NCERT not to be republished





کیاتم بتاسکتے ہو کہ یہ نشانات کیوں بنائے جاتے ہیں؟

© NCERT not to be republished

نیچے ایک فہرست بنی ہے۔ اس میں تم اپنی مرضی سے کچھ نشان (اشارے) بناؤ۔ یہ نشان پہلے والے نشانوں سے مختلف بنانا۔ اب اپنے بنائے نشانوں کو نقشے میں بھی بناؤ۔

رُوچِرا کا گھر

اسکول

ڈاکخانہ

پیڑ

اسپتال


بس اسٹاپ

کنواں

دکان

پھاٹک۔دروازہ

گھر



© NCERT not to be republished

نقشوں میں نشان بنانے کی ضرورت کو واضح کرنا اور بچوں کے بنائے گئے نشانوں پر گفتگو کرنا دلچسپ اور مفید مشغلہ ہوگا۔


صفحہ 149 میں تم نے اسپتال پر '+' کا نشان دیکھا ہوگا۔ اس نشان کی مدد سے بغیر پڑھے ہی اسپتال کو پہچانا جا سکتا ہے۔

ایسے اور کون کون سے نشان تمھیں اپنے آس پاس دکھائی دیتے ہیں؟ ان کی تصویریں بناؤ۔ وہ کیا دکھاتے (ظاہر کرتے) ہیں۔ یہ بھی لکھو۔

| تصویر | کیا ظاہر کرتی ہے |
| --- | --- |
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |

© NCERT not to be republished

* نقشے میں دکھائے گئے نشانوں کی فہرست بنی ہے۔ دھیان سے دیکھو اور لکھو۔




© NCERT not to be republished

- نقشے میں کتنے گھر ہیں؟ ______________________
- نقشے میں کتنی دوکانیں ہیں؟ ______________________
- نقشے میں کتنے پیڑ ہیں؟ ______________________

- نقشے میں کتنے ہینڈ پمپ ہیں؟ ______________________________

- اسکول ڈاک خانے کے پاس ہے یا اسپتال کے پاس؟ ________________

- بس اسٹاپ کے پاس کیا ہے؟ ______________________________

- اگر نقشے کے ساتھ فہرست نہ ہوتی تو کیا تم نقشہ پڑھ پاتے؟ ______________

____________________________________________________

- ریاضی میں جو نشانات تم نے سیکھے ہیں اُنہیں لکھو۔

______________ ______________ ______________

______________ ______________ ______________

© NCERT not to be republished